سوال

(600) دو حقیقی بھائیوں کا ایک مکان ہے لخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید بکر دو حقیقی بھائیوں کا ایک مکان ہے۔ وہ دونوں لاولد ہیں۔ (یعنی اولاد نہیں) اب زید و بکر اپنی ہی زندگی میں اس مکان کو فروخت کر کے اپنی عورتوں کو اس میں سے جو کچھ ترکہ پہنچتا ہے۔ دے دینا چاہتے تھے۔ لہذا ازروئے شرع محمدی (موافق قرآن وحدیث) زید و بکر کی عورتوں کی کتنا پہنچتا ہے؟ مفصل جواب دیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورت مرقومہ میں دوسرے ورثاء نہیں بتائے گئے۔ یعنی باپ کی طرفسے یا ماں کیطرف سے کون کون ہیں یا نہیں بہرحال اگر یہی صورت ہے۔ تو زید و بکر کی عورتوں کو مقررہ مہر کے علاوہ چوتھا چوتھا حصہ ترکہ میں حق ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 562

محدث فتویٰ